33613- قربانی ذبح کرنے والے وکیل پر چاند نظر آنے کے بعد سر منڈانے میں کوئی حرج نہیں

سوال

جب کوئی شخص مجھے اپنی قربانی ذبح کرنے میں وکیل بنائے تو کیا چاند نظر آنے کے بعد میرے لیے بال مونڈنے جائز ہیں ؟

پسندیدہ جواب

جی ہاں ایسا کرنا جائز ہے ، اس لیے کہ بال اور ناخن کاٹنے کی حرمت تو صرف قربانی کرنے والے ساتھ خاص ہے ، اور قربانی کرنے والے وہ ہے جس نے اپنے مال سے قربانی خریدی ہے ، اور جسے ذبح کرنے کا وکیل بنایا جائے اس پر اس طرح کی کوئی چیز لازم نہیں آتی ۔

شیخ ابن باز رحمہ اللہ تعالی کہتے ہیں :

وکیلوں پر کچھ نہیں کیونکہ وہ قربانی ذبح کرنے والے نہیں ہیں ، بلکہ قربانی والے تو وہ ہیں جنہوں نے انہیں وکیل بنایا ہے یعنی ان کے موکل ۔ اھ

دیکھیں : فتاوی اسلامیۃ (316/2) ۔

واللہ اعلم .